# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: یونٹ:1 | جماعت: پنجم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:1 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:1 | سبق کا نام: دھنک (نظم) | |

**مقاصد:** نظم کو درست لَے، آہنگ اور روانی سے پڑھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** تختۂ تحریر، بورڈ مارکر / چاک، تختۂ تحریر، کتاب "اردو پنجم"، نظم میں موجود مشکل الفاظ کے کارڈ، ٹوکری

**تحریکی سرگرمی:** (10منٹ)

- کمرا جماعت میں داخل ہوتے ہی السلام علیکم کہیں اور بچوں کی خیریت دریافت کریں۔
- بچوں سے مختلف سوالات پوچھیں۔ جیسے:
- آپ کو بارش کا موسم کیسا لگتا ہے؟
- بارش برسنے کے بعد آسمان پر کیا نظر آتا ہے؟
- دھنک کے رنگ کیسے ہوتے ہیں؟
- بچوں کے جوابات کی حوصلہ افزائی کریں۔

**تدریسی طریقہ کار:** (20منٹ)

- بچوں کو مزید بتائیں کہ آج ہم ایک خوب صورت سی نظم دھنک پڑھیں گے۔
- سبق کے آغاز سے پہلے ایک سرگرمی کریں۔ بچوں کے سامنے میز پر ایک ٹوکری میں نظم میں موجود مشکل الفاظ کے کارڈ الٹا کر رکھ دیں، جن کی پشت پر ایک تا چھے نمبر لکھے ہوں۔
- ٹوکری کے پاس پاسا (لڈو کا دانہ) رکھ دیں۔ کچھ بچوں کو باری باری بلائیں اور انھیں لڈو کا دانہ زمین پر لُڑھکانے کو کہیں۔ جو نمبر آئے، اس نمبر والا کارڈ ٹوکری میں سے نکالیں اور بچے سے متعلقہ لفظ درست تلفظ کے ساتھ پڑھنے کو کہیں۔ درست پر حوصلہ افزائی اور غلط پر اصلاح کروائیں۔ اس طرح یہ سرگرمی مختلف بچوں سے باقی الفاظ پر بھی کروائیں۔ اس کے بعد ان الفاظ کے کارڈ کو لفظی دیوار پر چسپاں کر دیں۔
- بچوں سے کتاب کا صفحہ نمبر 37 کھلوائیں۔ بچوں سے اس پر بنی ہوئی تصویر کے بارے میں مختلف سوالات کریں۔
- اب نظم کی بلند خوانی پہلے خود کریں۔
- ہر مصرع درست تلفظ اور ترنّم سے پڑھیں نیز پڑھتے ہوئے تاثرات کا خصوصی خیال رکھیں۔

| |
|---|
| • مشکل الفاظ ساتھ ساتھ تختہ تحریر پر لکھ کر ان کا درست تلفظ اور مفہوم بتائیں۔ ہر شعر کی پڑھائی کے ساتھ ساتھ بچوں کو اس کا مطلب بھی آسان الفاظ میں بتاتے جائیں۔<br>• بچوں کے پانچ گروہ بنادیں اور انھیں نظم کے اشعار تفویض کر دیں<br>• ۔ اب ہر گروہ کا ایک ایک بچہ باری باری انھیں تفویض کردہ شعر پڑھے گا اور دوسرے گروہوں کے بچے دھیان سے سنیں گے۔ جہاں اس بچے کو کوئی لفظ پڑھنے میں دقت پیش آرہی ہوگی تو اس کی اساتذہ رہنمائی کریں گے۔ اس کے علاوہ خیال رکھیں کہ بچے نظم کو نظم کے انداز میں پڑھیں نہ کہ نثر کے انداز میں۔ پڑھنے کے دوران میں جن الفاظ کا بچے غلط تلفظ ادا کریں، وہ تختہ تحریر پر لکھتے جائیں اور جب بچہ شعر مکمل کرلے تو اس کی اصلاح کریں۔ دورانِ پڑھائی میں کی جانے والی غلطیوں پر بچوں کو ٹوکا نہ جائے۔ اس سے بچے اپنی خود اعتمادی کھو دیتے ہیں اور جماعت کی سرگرمیوں میں حصہ لینے پر جھجک محسوس کرتے ہیں۔ |
| **اعادہ:** (5 منٹ) پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کروائیں اور غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔ |
| **جائزہ:** (5 منٹ) پڑھائے گئے سبق سے متعلق بچوں کے فہم کا جائزہ لینے کے لیے ان کے دو گروہ بنادیں۔ دونوں گروہوں کو نظم میں آنے والے مشکل الفاظ کے کارڈ اس طرح سے دے دیں کہ دونوں گروہوں کے پاس الفاظ کی تعداد ایک جیسی ہو۔ اب ایک گروہ کارڈ پر لکھا ہوا لفظ پڑھے اور دوسرا گروہ اس کا معانی بتائے اور وہ لفظ نظم کے جس مصرعے میں آیا ہو اس مصرعے کی بھی بلند خوانی کرے۔ درست معانی بتانے اور مصرع پڑھنے کی صورت میں اس گروہ کو دو نمبر ملیں گے۔ اس طرح یہ سرگرمی دونوں گروہوں سے باقی الفاظ پر بھی کروائیں۔ جس گروہ کے نمبر زیادہ ہوں گے وہ یہ مقابلہ جیت جائے گا۔ |
| **گھر کا کام:** (2 منٹ) نظم کی پڑھائی کر کے آئیں۔ |

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: یونٹ:1 | جماعت: پنجم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:1 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:2 | سبق کا نام: دھنک (نظم) | |

**مقاصد:** الفاظ کے معانی لکھ سکیں۔

سوالات کے جوابات لکھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** تختۂ تحریر، بورڈ مارکر / چاک، کتاب "اردو پنجم"، گیند، پلاسٹک کی بوتلیں، مختلف بچوں کے ناموں کی پرچیاں، الفاظ اور ان کے معانی پر مشتمل پرچیاں

**تحریکی سرگرمی:** (10منٹ)

- جماعت میں داخل ہوتے ہی بچوں کو اسلام علیکم کہیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- اب جماعت کے بچوں کے دو گروہ بنادیں اور انھیں گروہ بادل اور گروہ دھنک کا نام دے دیں۔
- مختلف بچوں کے ناموں کی پرچیاں بند کر کے ایک ٹوکری میں ڈال دیں۔ اس سرگرمی کے لیے ان بچوں کا انتخاب کریں جنھوں نے گذشتہ روز سبق نہ پڑھا ہو اور وہ کمرہ جماعت میں ہونے والی سرگرمیوں میں حصہ لینے سے کتراتے ہوں۔
- بورڈ کو دو برابر حصوں میں تقسیم کر دیں اور ان میں گروہ بادل اور گروہ دھنک لکھ دیں۔ اب باری باری پرچیاں کھولیں، جن بچوں کے نام آئیں، ان سے نظم " دھنک " کی پڑھائی کروائیں۔ درست تلفظ کے چار نمبر ہوں گے۔ اس طرح جس جس گروہ کا بچہ پڑھے، اس کے نمبر ساتھ ساتھ بورڈ پر متعلقہ گروہ کے خانے میں لکھتے جائیں۔ آخر میں جس گروہ کے نمبر زیادہ ہوں گے، وہ جیت جائے گا۔

**تدریسی طریقہ کار:** (20منٹ)

- بچوں کو بتائیں کہ ہر لفظ کا کوئی نہ کوئی مطلب ہوتا ہے، جس کی وجہ سے ہم ایک دوسرے کی بات یا تحریر کو سمجھ پاتے ہیں۔ اگر ہم الفاظ کے درست معنی نہ جانتے ہوں تو ہماری بات غلط بھی ہو سکتی ہے۔ بچوں کو بتائیں کہ آج ہم کچھ نئے الفاظ اور ان کے معانی سیکھیں گے۔
- اب بورڈ پر دو کالم بنائیں۔ ایک کالم میں "الفاظ"، دوسرے میں "معانی" کی سرخی لکھیں۔
- اب الفاظ والے کالم میں کتاب کے صفحہ نمبر 38 پر دیے ہوئے الفاظ میں سے ایک لفظ " سلطنت " لکھیں اور بچوں سے اس کا درست تلفظ اور معانی پوچھیں۔ اور بورڈ پر اسکا معنی لکھیں: " بادشاہی، بادشاہت (یہاں مراد ہے دنیا)۔
- اسی طرح یہ مشق نئے الفاظ کے تحت دیے گئے باقی الفاظ پر کروائیں۔ ساتھ ساتھ بچوں سے ان کا تلفظ پوچھیں، نہ آنے کی صورت میں ان کی اصلاح کریں؟ جو بچہ بتائے، اس کے لیے تالیاں بجوا کر حوصلہ افزائی کریں اور معانی والے کالم میں اس لفظ کے سامنے اس کا معانی لکھ دیں۔

| |
|---|
| • جماعت کے بچوں کے 4 گروہ بنا دیں۔ 8 مختلف رنگ کی پرچیوں پر نئے الفاظ کے تحت دیے گئے الفاظ لکھ لیں۔ اب 8 پلاسٹک کی بوتلیں لیں اور ان پر انھی الفاظ کے معانی لکھ دیں۔ اب جماعت میں ایک طرف یہ بوتلیں ایک قطار میں تھوڑے تھوڑے فاصلے پر رکھ دیں۔<br>• اب بچوں سے کہیں کہ ان کے پاس جو پرچی آئی ہے، اس پر لکھے ہوئے حروف کو ملا کر متعلقہ الفاظ اور ان کے معانی سوچیں۔ کسی ایک گروہ کے دو بچوں کو بلائیں اور اس سے کہیں کہ ان کے پاس جو الفاظ آئے ہیں، بوتلوں میں دیکھے کہ کن بوتلوں پر ان کے معانی لکھے ہیں، پھر ان بوتلوں کو گیند کی مدد سے گرائے۔ درست الفاظ بنانے، درست معانی والی بوتلیں گرانے اور درست جملے بتانے کی صورت میں اس گروہ کو تین نمبر ملیں گے اور درست بوتل نہ گرانے کی صورت میں اس گروہ کے تین نمبر کٹ جائیں گے۔ اس طرح سے یہ سرگرمی باقی گروہوں سے بھی کروائیں۔ جس گروہ نے درست معانی والی بوتلوں کی نشان دہی کی ہو گی، وہ فاتح قرار پائے گا۔<br><br>• اب تفہیم کے سوال نمبر 1 میں دیے گئے سوالات چارٹ کی بنی ہوئی مختلف اشکال جیسے مربع،، مثلث، مستطیل، اور دائرہ وغیرہ لکھ دیں اور یہ پرچیاں 5 آئس کریم اسٹکوں پر گوند کی مدد سے چپکا لیں۔ یہ آئس کریم اسٹکیں ایک کپ میں ڈال کر میز پر رکھ دیں۔ اب میز پر گتے کا چوکور ڈبا رکھ دیں، جس کی اطراف میں چارٹ کی بنی ہوئی وہی اشکال چسپاں ہوں، جو آئس کریم اسٹکوں پر بنی ہوں۔<br>• بچوں کے 5 گروہ بنا دیں۔ ہر گروہ میں سے باری باری ایک ایک بچے کو بُلائیں اور اسے ڈبا گھما کر میز پر لُڑھکانے کو کہیں جیسے پاسا پھینکا جاتا ہے۔<br>• پھینکے جانے پر ڈبے کی اوپر کی جانب جو شکل بنی ہوں اسی شکل کی آئس کریم اسٹک نکال کر اس بچے کو دے دیں۔ بچوں سے کہیں کہ وہ آئس کریم اسٹکوں پر لکھے ہوئے سوال پڑھیں اور ان کے جوابات سوچیں۔<br>• بچوں سے سوالات کے جوابات لیں۔ بعد ازاں بورڈ پر ان سوالات اور ان کے جوابات لکھیں اور بچوں سے کاپی پر لکھوائیں۔ |
| **اعادہ:** (3 منٹ) پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کروائیں اور غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔ |
| **جائزہ:** (5 منٹ) سوال نمبر 1 میں دیئے گئے سوالات بورڈ پر لکھیں اور متفرق بچوں سے جوابات لکھوائیں۔ |
| **گھر کا کام:** (2 منٹ) بچوں سے کہیں کہ نئے الفاظ کے تحت دیے ہوئے الفاظ کاپیوں پر لکھیں اور انھیں جملوں میں استعمال کریں۔ |

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: یونٹ:1 | جماعت:پنجم | مضمون:اُردو |
| ہفتہ:1 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:3 | سبق کا نام: دھنک (نظم) | |
| **مقاصد:** الفاظ کی مدد سے مصرعے مکمل کر سکیں۔<br>کالم الف کو کالم ب سے ملا سکیں۔ | | |
| **تدریسی معاونات:** تختۂ تحریر، بورڈ مارکر / چاک، کتاب "اردو پنجم"، گتّے کا ڈبا، سبق میں سے کوئی سے چار سوالات کی پرچیاں، چارٹ کی بنی ہوئی ناشپاتیاں، پلاسٹک کی تھیلیاں، جملوں کی پرچیاں | | |

**تحریکی سرگرمی:** (10منٹ)

- کمرہ جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں اور سب بچوں کو السلام علیکم کہیں۔ بچوں سے ان کی خیریت دریافت کریں۔
- ایک چوکور ڈبّا جماعت میں آنے سے پہلے تیار کر لیں۔ ڈبے کی چاروں اطراف میں رنگ برنگ کا کاغذ چڑھالیں۔
- ڈبے کی چاروں اطراف میں کاغذ کی چھوٹی چھوٹی جیبیں بھی بنا دیں۔
- سبق میں سے کوئی سے 6 سوالات کی پرچیاں بنا کر ڈبے کی اطراف میں بنی ہوئی جیبوں میں ڈال دیں مگر جیبوں میں ڈالنے سے پہلے پرچیوں کا رخ اندر کی طرف کر دیں۔ کسی ایک گروہ میں سے کسی بھی بچے کو بُلائیں اور اسے ڈبّا ایسے گھما کر زمین پر لڑھکانے کو کہیں جیسے پاسا پھینکا جاتا ہے۔ پھینکے جانے پر ڈبّے کی جو جیب اُوپر کی جانب آئے اُس جیب سے پرچی نکال کر اس پر لکھا ہوا سوال پڑھیں اور اس بچے کو اس سوال کا جواب دینے کے لیے کہیں۔ اس طرح سے یہ سرگرمی باقی سوالات پر مختلف بچوں سے بھی کروائیں۔ درست جوابات دینے والے بچوں کو شاباش دیں۔

**تدریسی طریقہ کار:**(20منٹ)

- بچوں کو بتائیں کہ آج ہم نظم سے متعلق مصرعے مکمل کرنے اور کالم ملانے کی سرگرمی کریں گے۔ بچوں کو خاموشی سے نظم کا مطالعہ کرنے کے لیے کہیں۔ اس کے لیے انھیں مخصوص وقت دیں۔ مقررہ وقت کے بعد بچوں سے کتابیں بند کروا دیں۔
- بچوں کے چار گروہ بنا دیں اور ہر گروہوں کو چارٹ کی بنی ہوئی ایک ایک ناشپاتی دیں، جن پر سوال نمبر 2 کے تحت دیے ہوئے مصرعے لکھے ہوں اور ان کے جوابات لکھنے کی جگہ خالی ہو۔ چاروں گروہوں کو ہدایت دیں کہ وہ اپنی اپنی ناشپاتیوں پر لکھے ہوئے مصرعے پڑھیں اور پھر باہمی مشورے سے ان کے جوابات لکھیں۔
- اس کے لیے انھیں تھوڑا وقت دیں۔
- اس دوران میں بورڈ پر مصرعے لکھ کر ان میں الفاظ لکھنے کی جگہ خالی چھوڑ دیں۔

| |
|---|
| • مقررہ وقت کے بعد ہر گروہ میں سے ایک ایک بچے کو بلا کر ان سے کہیں کہ ان کے پاس جس مصرعے کی ناشپاتی آئی ہے، وہ مصرع بورڈ پر تلاش کر کے اس میں درست لفظ لکھے۔ درست جواب لکھنے والے گروہ کے لیے تالیاں بجوا کر ان کی حوصلہ افزائی کریں۔<br>• سوال 3 کے تحت دیے ہوئے مصرعوں کی پرچیاں بنائیں۔ ان کے سامنے دو ڈبے بنے ہوں جن میں دو مصرعے لکھے ہوں۔ ایک مصرع متعلقہ اور دوسرا غیر متعلقہ ہو۔ مصرعوں کی پرچیاں پلاسٹک کی تھیلیوں میں ڈال دیں۔<br>• بچوں کو 4 گروہوں میں تقسیم کریں اور انھیں یہ پلاسٹک کی تھیلیاں دے دیں۔ بچوں سے کہیں کہ وہ تھیلیاں کھول کر ان میں سے مصرعوں کی پرچیاں نکالیں۔ ان پر لکھے ہوئے مصرعے پڑھیں اور پھر آگے دیے ہوئے مصرعوں میں سے درست مصرعے سے ملا کر شعر مکمل کریں۔ اس دوران میں بورڈ پر دو کالم بنا کر ان میں سوال 3 کے تحت دیے ہوئے مصرعے لکھ دیں۔<br>• مقررہ وقت کے بعد کوئی مصرع بولیں۔ جس گروہ کے پاس اس مصرع پر مبنی پرچی آئی ہو گی، اس کا لیڈر آ کر بورڈ پر اس مصرع کو تلاش کرے گا اور اسے درست مصرعے سے ملائے گا۔ ساتھ ساتھ بچوں سے اس کی خواندگی بھی کرواتے جائیں۔ درست جواب پر حوصلہ افزائی کریں اور غلط جواب پر کسی دوسرے گروہ کو بتانے کا موقع دیں۔ اس طرح سے یہ سرگرمی باقی جملوں پر دوسرے گروہوں کے لیڈروں سے بھی کروائیں۔<br>• اب بچوں سے کہیں کہ وہ اپنی کاپیاں کھولیں اور مشق کے سوال نمبر 2 اور 3 کو بورڈ سے دیکھ کر کاپیوں پر لکھیں۔ |
| **اعادہ:** (3 منٹ) پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کرائیں اور اصلاح کریں۔ |
| **جائزہ:** (5 منٹ) بورڈ پر مشق کے سوال نمبر 2 میں دیے گئے سوالات لکھ دیں۔ باری باری مختلف بچوں کو بلا کر ان سے ان سوالات کے جوابات لکھوائیں۔ غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔ |
| **گھر کا کام:** (2 منٹ) جماعت میں کروائے گئے کام کی مشق کرنی ہے۔ |

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: یونٹ:1 | جماعت: پنجم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:1 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:4 | سبق کا نام: دھنک (نظم) | |

**مقاصد:** تصاویر کے متعلق بات چیت کر سکیں۔
نظم سے ہم آواز تلاش کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:** چاک / بورڈ مارکر، تصویری فلیش کارڈز، گیند، الفاظ کی پرچیاں

**تحریکی سرگرمی:** (10منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- بچوں کے دو گروہ بنادیں۔
- دونوں گروہوں کو سوال نمبر 5 میں دی گئی تصاویر کے فلیش کارڈز دیں۔
- بچوں کو تصاویر دیکھ کر ان سے متعلق بات چیت کرنے کو کہیں۔
- ان سے پوچھیں پانی، پھول، اور درخت ہمارے لیے کتنے اہم ہیں؟ ان سے جوابات لیں۔ اور ان کی حوصلہ افزائی کریں۔

**تدریسی طریقہ کار:** (20منٹ)

- بچوں سے سوال نمبر 6 کی سرگرمی کروانے کے لیے دیئے گئے الفاظ کی پرچیاں بنائیں۔
- بچوں کے 6 گروہ بنادیں۔ ایک گیند پر 6 مختلف رنگوں کی پرچیاں چسپاں کر دیں جن پر 1 تا 6 نمبر لکھے ہوں۔
- ہر گروہ میں سے ایک ایک بچے کو بلائیں اور اسے گیند آہستہ سے ہوا میں اچھالنے کے لیے کہیں۔
- گیند کی اوپر کی جانب جو پرچی آئے، اسے اتار کر اس پر لکھا ہوا نمبر بتائے اور وہ پرچی اس بچے کو دے دیں۔ جس گروہ کے پاس جس نمبر کی پرچی آئے گی، وہ گروہ اس نمبر والے لفظ کا نظم میں سے ہم آواز لفظ بتائے گا۔
- اب ان الفاظ کو بورڈ پر لکھیں۔
- بچوں سے ان الفاظ کے ہم آواز الفاظ پوچھیں اور انکے سامنے لکھتے جائیں۔
- بعد ازاں بچوں کو کہیں کہ بورڈ میں سے ان الفاظ کے ہم آواز الفاظ دیکھ کر اپنی کاپیوں پر لکھیں۔

**اعادہ:** (3منٹ) پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کروائیں اور غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔

| |
|---|
| **جائزہ:**(5منٹ) سبق کے مختلف حصوں کی مختلف بچوں سے بلند خوانی کروائیں۔ غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔ |
| **گھر کا کام:**(2منٹ) سبق دہرا کر آئیں۔ |

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: یونٹ:1 | جماعت: پنجم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:1 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:5 | سبق کا نام: دھنک (نظم) | |

**مقاصد:** نظم پڑھ کر مرکزی خیال سنا سکیں۔
فاعل کے مطابق درست فعل کی پہچان کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:** تختہ تحریر، بورڈ مارکر / چاک، تختہ تحریر، کتاب "اردو پنجم"، گھنٹی، الفاظ بادل اور دھنک پر مبنی پرچیاں

**تحریکی سرگرمی:** (10 منٹ)

- کمرہ جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- بچوں کے مختلف گروہ بنا دیں اور ہر گروہ میں سے دو دو بچوں کو بلا لیں۔ اب بچوں کے ساتھ میوزیکل چیئر والی گیم کھیلیں۔ جماعت میں ایک طرف چند کرسیاں دائرے میں رکھ دیں اور بچوں کو ان کے پاس کھڑا ہونے کی ہدایت دیں۔ بچوں کی نسبت ایک کرسی کم ہو۔
- اب گھنٹی بجانا شروع کریں اور بچوں کو کرسیوں کے ارد گرد گھومنے کے لیے کہیں۔
- اچانک گھنٹی بجانا بند کر دیں۔ آواز بند ہوتے ہی بچے تیزی سے کرسیوں پر بیٹھیں گے۔ جو بچہ کھڑا رہ جائے، اس سے نظم "دھنک" سے متعلق کسی سوال کا جواب پوچھیں۔ درست جواب پر حوصلہ افزائی کریں اور غلطی کی صورت میں اس بچے کے گروہ کے کسی اور بچے کو بتانے کا موقع دیں۔
- اس کے ساتھ ہی پھر ایک کرسی کم کر دیں اور کھیل دوبارہ شروع کریں۔ اس طرح سے یہ سرگرمی اس وقت تک کریں، جب تک آخر میں ایک کرسی اور ایک بچہ نہ رہ جائے۔ جیتنے والے بچے کے گروہ کو کوئی انعام دیں۔

**تدریسی طریقہ کار:** (20 منٹ)

- اب بچوں سے پوچھیں کہ مرکزی خیال کسے کہتے ہیں؟ بچوں کے جوابات لیں۔
- اب بچوں کو ایک بار دوبارہ نظم کا مطالعہ کرنے کے لیے کہیں۔ اس کے لیے انھیں دو سے تین منٹ کا وقت دیں۔ مقررہ وقت کے بعد بچوں سے اپنی کتابیں بند کرنے کو کہیں۔ بچوں سے کہیں کہ آپس میں اپنے اپنے صفحے کی معلومات کو دہرا لیں۔ اب انھیں اپنی کتابیں بند کرنے کے لیے کہیں تاکہ اگلی سرگرمی کروانے کے لیے تیار ہو جائیں۔
- اب چاروں گروہوں سے کہیں کہ وہ آپس میں مل کر نظم "دھنک" کا مرکزی خیال ایک دوسرے کو بتائیں۔ بچوں سے کہیں کہ وہ بورڈ پر لکھے ہوئے سبق سے متعلق اہم نکات سے مدد لے سکتے ہیں۔ اس کے لیے انھیں مخصوص وقت دیں۔

- مقررہ وقت کے بعد کسی ایک گروہ کے بچے کو بلائیں اور اس سے کہیں کہ وہ نظم کا مرکزی خیال جماعت کے بچوں کو پڑھ کر سنائے۔ اسی طرح یہ سرگرمی دوسرے گروہوں کے بچوں سے بھی کروائیں۔ جو گروہ الفاظ کا بہترین چُناؤ کرتے ہوئے، جامعیت کے ساتھ نظم کا مرکزی خیال سنائے، اسے خصوصی شاباش دی جائے۔
- بچوں سے کچھ سوال کریں مثلاً:
- کوئی بھی کھیل کھیلنے والے کو کیا کہتے ہیں؟ ممکنہ جوابات (کھلواڑ، کھیلا، کھلنا، کھلاڑی) تختۂ تحریر پر لکھیں۔
- بچوں سے اس کا درست جواب چننے کو کہیں۔ جو بچہ درست جواب دے گا اس کو شاباش دیں۔
- بچوں کو بتائیں کہ کھیلنا فعل ہے اس لیے اس کا درست فاعل ہو گا کھلاڑی۔
- بچوں سے کہیں کہ وہ اگلے فعل کا بھی درست فاعل پہچانیں۔
- کوئی بھی مضمون، کہانی وغیرہ لکھنے والے کو کیا کہتے ہیں؟ اس کے بھی ممکنہ جوابات (لکھنا، لکھاری، لاکھانی، لاکھ) تختۂ تحریر پر لکھیں۔ متوقع جواب لکھاری۔
- اب بورڈ پر ایسی تصویر چسپاں کریں جس میں بچے کرکٹ کھیل رہے ہوں۔ بچوں سے پوچھیں کہ تصویر میں بچے کیا کر رہے ہیں۔ بچوں کا جواب لیں۔ اب بورڈ پر تصویر کے نیچے جملہ لکھیں:
- 'لڑکوں نے فٹ بال کھیلا۔" بچوں سے جملے کی بلند خوانی کروائیں۔ اب ایک اور تصویر بورڈ پر چسپاں کریں۔ بچوں سے پوچھیں کہ اس تصویر میں کیا ہو رہا ہے۔ بچوں کے جوابات لیں اور بورڈ پر تصویر کے نیچے جملہ لکھیں: "سارہ نے کتاب خریدی"۔ بچوں سے جملے کی بلند خوانی کروائیں ۔ بچوں کو بتائیں کہ پہلی تصویر میں لڑکے فٹ بال کھیلنے کا کام کر رہے تھے۔ دوسری تصویر میں سارہ کتاب خریدنے کا کام کر رہی تھی۔ جملوں میں الفاظ "کھیلا، خریدی" کو خط کشیدہ کریں۔ بچوں کو بتائیں کہ یہ ایسے الفاظ ہیں جو کسی کام کے ہونے یا کرنے کو ظاہر کر رہے ہیں ہے۔ بچوں کو بتائیں کہ ایسے الفاظ جو کسی کام کے کرنے یا ہونے کو ظاہر کرے، اسے "فعل" کہتے ہیں۔ اسی طرح سے ""سارہ" اور "لڑکے" فاعل ہیں ۔ بچوں کو بتائیں کہ وہ الفاظ جو کسی کام کے کرنے والے کا ظاہر کریں، "فاعل" کہلاتے ہیں۔
- بچوں کو بتائیں کہ آج ہم فاعل کے مطابق درست فعل کو شناخت کرنے کی سرگرمی کریں گے۔
- بورڈ پر فاعل "گویا" لکھیں۔ اس کے سامنے ممکنہ جوابات گیت، گانا، گایا لکھیں۔ بچوں سے پوچھیں کہ فاعل کے مطابق درست فعل کونسا ہو گا ۔ بچوں کے جوابات لیں اور "گانا" کے گرد دائرہ لگائیں۔ مختلف مثالوں کے ذریعے سے فاعل کی مناسبت سے فعل کو شناخت کرنے کا تصور سمجھائیں۔
- اب کچھ مزید سوالات کی پرچیاں بنائیں۔ اور جماعت کو چار گروہوں میں تقسیم کریں۔
- پرچیوں کی تعداد اتنی رکھیں کہ ہر گروہ کو سوالات کی دو دو پرچیاں ملیں۔
- اس کے ساتھ ہی ان سوالات کے ممکنہ جوابات تختۂ تحریر پر لکھیں۔

- بچوں کو ہدایت دیں کہ وہ اپنے پاس موجود پرچیوں کو کھولیں اور سوال کے درست جواب کو تختۂ تحریر سے تلاش کر کے سوال کی پرچی کے پیچھے لکھیں۔
- اس کام کے لیے بچوں کو مخصوص وقت دیں۔ کام کی نگرانی کریں۔ جہاں بچوں کو مشکل محسوس ہو ان کی مکمل مدد کریں۔
- کام مکمل ہونے کے بعد بچوں کی پرچیاں چیک کریں درست کام کرنے والے کے لیے تالیاں بجوائیں۔

**اعادہ:** (3 منٹ) پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کروائیں اور غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔

**جائزہ:** (5 منٹ) بچوں کے دو گروہ بنا دیں۔ ایک گروہ کو نظم "دھنک" کے اہم نکات سنانے کے لیے کہیں۔ دوسرے گروہ سے نظم کا مرکزی خیال سنیں۔ غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔

**گھر کا کام:** (2 منٹ) پڑھائے گئے سبق کی دہرائی کریں۔

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: یونٹ: 1 | جماعت: پنجم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ: 1 | وقت: 40 | تاریخ: |
| پیریڈ: 6 | سبق کا نام: دھنک (نظم) | |

**مقاصد:** تذکیر و تانیث کے مطابق افعال کا جملوں میں استعمال کر سکیں۔

اشعار کی نثر لکھ سکیں۔

دیئے گئے موضوع پر جملے لکھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** تختۂ تحریر، بورڈ مارکر / چاک، تختۂ تحریر، کتاب "اردو پنجم"، سوال نمبر 5 میں دیے گئے الفاظ کی پرچیاں، ٹوکری، سادہ شیٹیں، تالے، چابیاں

**تحریکی سرگرمی:** (10 منٹ)

- کمرہ جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں۔ بچوں کو السّلام علیکم کہیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔ گزشتہ پیریڈ کے کام کے بارے میں دریافت کریں۔ بچوں سے کہیں کہ آج ہم ایک دل چسپ سرگرمی کے ذریعے سے اپنے کام کا آغاز کریں گے۔
- اب بچوں کے ساتھ بنگو گیم کھیلیں۔ بچوں کے چھے گروہ بنا دیں اور ہر گروہ کا ایک لیڈر بھی بنا دیں۔
- ہر گروپ کو ایک Mystery Bag دیں جس میں "ہاتھی، مور، طوطے، شیر، بندر اور بیل" کی تصاویر کے چار چار ٹکڑے ہوں اور ان کے نیچے ان کے نام اور مونث لکھنے کی جگہ ہو (ایک گروپ کے حصے میں صرف ایک تصویر آئے)۔ بچوں سے کہیں کہ وہ بیگ کھولیں اور دیکھیں کہ ان میں کیا ہے؟ بچے تصاویر کے ٹکڑے نکالیں گے۔ ان سے کہیں کہ وہ انھیں ترتیب دے کر دیکھیں کہ ان کے پاس کس چیز کی تصویر ہے اور پھر ان کے نیچے دی گئی جگہ میں اس کا نام اور اس کا مونث لکھیں۔ نیز ان پر مبنی ایک جملہ بھی بنائیں۔ جیسے ہاتھی سونڈ ہلا رہا تھا لیکن ہتھنی خاموش کھڑی تھی۔ اس کے لیے بچوں کو 2 سے 3 منٹ کا وقت دیں۔ بچوں کو بتا دیں کہ جو گروہ سب سے پہلے یہ کام کر لے گا وہ فوراً بولے گا: Bingo۔ اس دوران میں بورڈ پر دو کالم بنا کر ایک میں مذکر اور دوسرے میں مونث کی سرخی لکھ دیں۔
- مقررہ وقت کے بعد ہر گروہ میں سے باری باری بچے کو بلائیں اور ان کے پاس جس چیز کی تصویر آئی ہو، اس کا نام مذکر والے کالم میں لکھنے اور مونث والے کالم میں اس کا مونث لکھنے کی ہدایت دیں۔ نیز ان پر مبنی جملے بھی سنیں۔ جس گروپ کے بچے مقررہ وقت میں یہ کام کر لیں گے، وہ یہ جیت جائیں گے۔

**تدریسی طریقہ کار:** (20 منٹ)

- اب بچوں کے سامنے ایک ٹوکری رکھیں، جس میں بستہ، سورج، زمین، پنسل کی تصویریں ہوں۔
- اب جماعت میں سے کسی بچے کو بلائیں اور ٹوکری میں سے کوئی تصویر اٹھانے اور اس سے متعلق جملہ بولنے کے لیے کہیں۔

| |
|---|
| • استاد وہ جملہ بورڈ پر لکھے اور بچوں سے پوچھیں کہ وہ لفظ مذکر ہے یا مونث۔ اس لفظ کے سامنے متعلقہ لفظ لکھیں یعنی اگر وہ مذکر ہے تو اس کے سامنے مذکر اور اگر مونث ہے تو اس کے سامنے مونث لکھ دیں۔ اسی طرح سے یہ سرگرمی باقی تصاویر پر مختلف بچوں سے کروائیں۔<br>• اب ایک ٹوکری میں سوال نمبر 10 میں دیے گئے الفاظ کی پرچیاں بند کر کے ڈال دیں۔ خیال رکھیں کہ کوئی لفظ نہ دہرایا جائے۔ بچوں کے 5 گروہ بنا دیں۔ ہر گروہ سے کہیں کہ وہ اس ٹوکری میں سے ایک ایک پرچی اٹھالے۔ جب سب گروہ پرچیاں اٹھالیں تو ان سے کہیں کہ ان کے پاس جو جملے آئیں ہیں ان میں درست فعل لگا کر جملوں کی مذکر یا مونث ہونے کی نشاندہی کریں۔ اس کے لیے بچوں کو چند سیکنڈ کا وقت دیں۔<br>• اس دوران میں بورڈ پر دو کالم بنا کر ایک میں الفاظ اور دوسرے پر جملے کی سرخی لکھ دیں۔ الفاظ والے کالم میں سوال نمبر 10 کے تحت دیے گئے الفاظ اور جملے والے کالم میں جملے لکھیں۔ مقررہ وقت کے بعد کسی ایک گروہ کے بچے کو بلائیں اور اس سے کہیں کہ اس کے گروہ کے پاس جو الفاظ آئے ہیں، وہ جماعت کے بچوں کو بتائے اور بورڈ پر باری باری لکھے ہوئے جملے والے کالم میں درست فعل لگا کر بتائے کہ وہ جملہ مذکر ہے یا مونث۔<br>• سوال نمبر 11 میں دیے گئے شعر کو بورڈ پر لکھیں<br>• **مصرع: دھوپ میں ہے گھاس پر پانی کے قطروں کی چمک**<br>• **نثر: دھوپ میں گھاس پر پانی کے قطروں کی چمک ہے**<br>• اب بچوں کو سوال نمبر 11 میں دیئے گئے اشعار بورڈ پر لکھ دیں۔<br>• بچوں سے کہیں کہ وہ ان اشعار کی مل کر نثر کریں۔ اس کے لیے انھیں مخصوص وقت دیں۔ مقررہ وقت کے بعد ہر گروہ سے اس کی بنائی ہوئی نثر سنیں۔ درست جواب پر حوصلہ افزائی اور غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔ اگر کوئی گروہ درست نثر نہ بنا سکے تو دوسرے گروہ سے بنوائیں۔ کوشش کریں کہ بچے خود ہی ان مصرعوں کی نثر بنائیں۔ بورڈ پر مصرعے لکھ کر خود ان کی نثر بنائیں اور پڑھائیں۔<br>• اب بچوں کو کہیں کہ قدرتی نظاروں کے بارے میں کوئی سے دس جملے اپنی کاپیوں پر لکھیں۔ |
| **اعادہ:** (3 منٹ) نثر بنانے کا طریقہ بتائیں۔ چند مصرعوں کی نثر کر کے دکھائیں۔ |
| **جائزہ:** (5 منٹ) نظم کے مختلف اشعار کی نثر بنوائیں۔ غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔ |
| **گھر کا کام:** (2 منٹ) جماعت میں کروایا گیا کام دہرا کر آئیں۔ |